تعلیمی، معاشی اور سیاسی ترقی کا ترجمان

Daily AZAN-E-SAHER Quetta
روزنامہ INTER NATIONAL
Email-azanesaher@gmail.com

اذان سحر انٹرنیشنل کوئٹہ

چیف ایڈیٹر یعقوب شاہ

قیمت: 4 روپے

PH: 081-2868460 Fax:081-2868461

جلد نمبر 09 | منگل 17 ستمبر 2019ء 17 محرم الحرام 1441ھ | شمارہ نمبر 109

بلوچستان کی تاریخی ثقافت اور ورثہ کو احسن انداز میں اجاگر کر رہے ہیں، وزیر خزانہ

اپنی ثقافت سے جڑنے والی قومیں موجود دور میں اپنی شناخت قائم رکھ سکتے ہیں۔ ہر معاشرے اپنی جداگانہ، روایات، تہذیب وتمدن اور ثقافت رکھتا ہے

کوئٹہ (ن ن) صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان منفرد ثقافتی ورثے کا حامل ہے۔ اسکی حفاظت اور ترقی صوبائی حکومت کی ترجیح ہے۔ صوبے کی تہذیب وثقافت کے فروغ کے لیے خاطر خواہ اقدامات کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسٹیٹیوٹ آف بلوچستان سٹڈیز کے زیر اہتمام ہریٹیج لیکچر کے مہمان خصوصی کے موقع پر شرکاء سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخی ثقافت اور ورثہ کو احسن انداز میں اجاگر کر رہے ہیں۔ ہم میں اپنی شناخت، ثقافت اور اقدار کے تحفظ کے لیے صدیوں سے کوششیں کر رہی ہیں۔ اپنی ثقافت سے جڑنے والی قومیں ہی اپنی شناخت قائم رکھ سکتے ہیں۔ ہر معاشرے اپنی جداگانہ روایات، تہذیب وتمدن اور ثقافت رکھتا ہے اور کسی بھی قوم یا ملک کی تہذیب وثقافت نہ صرف اس کی تاریخی ترجمان ہوتی ہے بلکہ کوئی بھی معاشرے اپنی تہذیب وثقافت کے تحفظ کے بغیر اپنی تاریخ سے منسلک نہیں رہ سکتا۔ انہوں نے کہا

بقیہ 61 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس (آج) ہوگا

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس (آج) منگل کو ہوگا۔ اجلاس میں 13 نکاتی ایجنڈے اور مقبوضہ کشمیر کی موجودہ صورتحال پر غور کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم عمران خان نے دورہ امریکا سے قبل وفاقی کابینہ کا اجلاس 17 ستمبر بروز منگل کو طلب کرلیا ہے۔ اس حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کی زیر

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کوئٹہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کمانڈر سدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل عاصم سلیم باجوہ کے اعزاز میں اپنی جانب سے دیئے گئے الوداعی عشائیے سے خطاب کر رہے ہیں۔

جس حکومت کو ٹھیک نہیں سمجھتے اس کے خلاف آخر تک جائیں گے، مولانا حیدری

وزیر داخلہ کہتے کہ ہم نے اسلام آباد نہیں آنا تو پھر انہیں کیا پریشانی اور خوف ہے؟ پیپلز پارٹی اور ن لیگ ساتھ نہ بھی آئیں تو لوگوں کا سیلاب ہوگا

اسلام آباد (آئی این پی) جے یو آئی (ف) کے رہنما سینیٹر مولانا عبداللغفور حیدری نے کہا ہے جس حکومت کو ٹھیک نہیں سمجھتے اس کے خلاف آخر تک جائیں گے، اسلم لیگ ن دھرنے میں شامل نہ ہونے کی غلطی کی مکمل نہیں ہوسکتی پیپلز پارٹی اور ن لیگ ساتھ نہ بھی آئیں تو لوگوں کا سیلاب ہوگا۔ چیئرمین ڈیمانڈ میں عمران خان کا استعفا، اسمبلیوں کی تحلیل، نئے الیکشن شامل ہیں۔ ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے جے یو آئی (ف) کے سینیٹر مولانا عبداللغفور حیدری نے کہا کہ

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

بین الاقوامی گیس پائپ لائن منصوبوں پر قومی ذمہ داری سے عمل پیرا ہیں، وزارت توانائی

اسلام آباد (آئی این پی) وزارت توانائی نے گیس پائپ لائن کے بین الاقوامی منصوبوں اور ان میں ہونے والی پیشرفت سے متعلق گزشتہ کئی روز شائع ہونے والی بے بنیاد خبروں کے حوالے سے کہا ہے کہ ملکی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے بین الاقوامی گیس پائپ لائن منصوبوں پر قومی ذمہ داری سے عمل پیرا ہے۔ ترکمانستان، افغانستان،

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

وزیراعظم کے دورہ امریکا کی تیاریاں، زلفی بخاری کی اہم ملاقاتیں

بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے خلاف چارجانہ حکمت عملی پر مشاورت مکمل

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم عمران خان کے دورہ امریکا کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہوگئیں، وزیراعظم کے معاون خصوصی زلفی بخاری نے امریکا میں اہم ملاقاتیں کی ہیں۔ امریکا میں مقیم شہری وفد نے پی ٹی آئی رہنماؤں اور غلام فاطمہ کی ملاقات کی، اس موقع پر وزیراعظم عمران خان کے شاندار استقبال اور دورے کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے خلاف جارحانہ حکمت عملی پر مشاورت مکمل کی گئی، اس کے علاوہ نریندر مودی کے خلاف جنرل اسمبلی اجلاس کے دوران شدید احتجاج کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ وزیراعظم کے دورہ امریکا کے دوران ملاقاتوں کے شیڈول پر بھی مشاورت کی گئی۔ ایاز جنرل اسمبلی سیشن کے دوران پاکستانی اور کشمیری

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

طالبان نے امریکی فوجی سمیت رینجر 12 افراد کو قتل کرکے اچھا نہیں کیا، ٹرمپ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ افغان طالبان نے افغانستان میں امریکی فوجی سمیت رینجر 12 افراد کو قتل کرکے اچھا نہیں کیا، ہمیں سمجھ آگیا ہے کہ اب طالبان کے ساتھ کس طرح سے نمٹنا ہے۔ سماجی رابطے کی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

ہائیکورٹ نے وفاقی حکومت کو 30 دن میں عدالتی حکم کے مطابق سروس اسٹرکچر بنانے کا ٹائم مکمل کرنے کا حکم دے دیا

اسلام آباد ہائیکورٹ نے سپریم کورٹ کے حکم پر عملدرآمد کیلئے دائر درخواست پر تحریری حکم جاری کردیا

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پورے ملک میں وفاقی دارالحکومت کے تمام اسپتالوں میں ایک ماہ کے اندر سروس اسٹرکچر بنانے کا حکم دے دیا۔ عدالت عالیہ نے سپریم کورٹ کے حکم پر عملدرآمد کیلئے دائر درخواست پر تحریری حکم جاری کر دیا۔ عدالت عظمیٰ نے اس سال فروری میں اسلام آباد کے تمام اسپتالوں میں ڈاکٹروں سمیت

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

عوامی حکومت ہی پاکستان کے مسائل حل کرسکتی ہے، بلاول بھٹو

کراچی (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ عوامی حکومت ہی پاکستان کے مسائل حل اور اسے ترقی کی راہوں پر گامزن کرسکتی ہے، جمہوریت ہمارے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ جمہوریت کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ جمہوریت ہمارے روشن مستقبل

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کوئٹہ وزیراعلیٰ رواں مالی سال 2019-20 میں شامل ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کسی ڈیل کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، وزیراعظم دو ٹوک موقف

احتساب کا عمل اسی طرح جاری رہے گا، پہلی مرتبہ احتساب کا عمل سیاسی مداخلت سے آزاد اور شفاف و بے لاگ ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم عمران خان نے کسی بھی قسم کی ڈیل کے امکانات کو ایک بار پھر مسترد کرتے ہوئے دوٹوک موقف اپنایا کہ کوئی ڈیل کو کیمرہ وائز۔ کسی ڈیل کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم عمران خان سے باہر اہم ان کی اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال پر مشاورت کی گئی جبکہ حکومت کے آئینی و قانونی معاملات پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وزیراعظم کی امریکا اور سعودی عرب کے دورے پر بھی مشاورت ہوئی۔ وزیراعظم عمران خان کا کہنا تھا کہ پوری توجہ کشمیر کاز پر مرکوز ہے، جنرل اسمبلی میں خطاب اہم ہوگا۔ وزیراعظم نے کسی بھی قسم کی ڈیل کے امکانات کو ایک بار پھر مسترد کرتے ہوئے دو

بقیہ 60 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

پاکستان کی جانب سے تگر کیرتن کے لئے بھارتی سکھ یاتریوں کو ویزوں کا اجرا شروع

پاکستان اور بھارت میں گورونانک دیو جی کے 550 ویں جنم دن منانے کی تیاریاں

نئی دہلی/لاہور (آئی این پی) نئی دہلی میں پاکستانی سفارتخانے نے پاک بھارت تگر کیرتن میں شرکت کے لئے بھارتی سکھ یاتریوں کو ویزے جاری کرنا شروع کر دیئے ہیں۔ گورونانک دیو جی کے 550 ویں جنم دن پاکستان اور بھارت میں تاریخی طور پر منائے جانے کی تیاریاں ہو رہی ہیں، اسی سلسلے میں ایک تگر کیرتن یعنی سکھوں کی مذہبی کتاب

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ کا اہم اجلاس (آج) ہوگا

اسلام آباد (آئی این پی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ کا اہم اجلاس (آج) منگل کو ہوگا۔ ان کیمرہ اجلاس میں عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کا وفد شرکت کریگا جس میں ملکی معاشی صورتحال پر غور

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

ڈونلڈ ٹرمپ کا سعودی ولی عہد کو فون، تیل تنصیبات پر حملوں پر مدد کی پیشکش

سعودی عرب دہشتگردوں سے خود نمٹنے کی صلاحیت رکھتا ہے، ولی عہد بن سلمان کی امریکی صدر سے گفتگو

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سعودی ولی عہد کو فون کرکے سعودی تیل تنصیبات پر ڈرون حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے مدد کی پیشکش کردی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ولی عہد نے کہا ہے کہ سعودی عرب دہشتگردوں سے خود نمٹنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ٹیلیفون رابطے کے دوران امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ایسے حملوں سے امریکی اور عالمی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ دوسری جانب وزیر خارجہ مائیک پومپیو نے

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

امریکی امور خارجہ کمیٹی جنرل اسمبلی اجلاس کے بعد مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر سماعت کریگی، ڈیڈ شرمین

واشنگٹن (آئی این پی) مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کو روکنے کے لیے امریکی رکن کانگریس ڈیڈ شرمین نے کہا کہ امریکی امور خارجہ کمیٹی کی ذیلی کمیٹی انسانی حقوق کے اجلاس کے بعد مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر سماعت کرے گی۔

بقیہ 45 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کشمیری تنہا نہیں، صورتحال دیکھی جارہی ہے، کاملا ہیرس

فیکساس (آئی این پی) امریکا میں ڈیموکریٹ صدارتی امیدوار بننے کی خواہشمند کاملا ہیرس نے کہا ہے کہ کشمیری تنہا نہیں، صورتحال دیکھی جارہی ہے۔ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر امریکا میں ڈیموکریٹ پارٹی کے صدارتی امیدوار بننے کے خواہشمندوں نے بھی بات شروع کردی ہے۔ فیکساس میں ایک تقریب سے خطاب کرتے

بقیہ 45 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

روس کا امریکہ اور طالبان پر افغان امن عمل کے لیے مذاکرات کی بحالی پر زور

ماسکو (آئی این پی) روس نے امریکا اور طالبان پر افغان امن عمل کے لیے مذاکرات کی بحالی پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ طالبان امریکہ کے ساتھ مذاکرات کی بحالی چاہتے ہیں۔ روسی خبر رساں ادارے کے مطابق وزارت خارجہ کے ترجمان نے

بقیہ 47 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کوئٹہ بلوچستان سے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شرن پشین کی ہیڈ میسٹریس ملاقات کر رہی ہیں۔

عوام کی حقیقی منتخب حکومت کی عدم موجودگی جمہوریت نہیں کہلائے گی، بلاول بھٹو زرداری

جمہوری حکومتیں میڈیا کو دبانے، سیاسی کارکنوں کو بدنام کرنے اور پولیٹیکل ورکرز کے خلاف من گھڑت مقدمات بنانے جیسے فاشسٹ اقدامات پر ضائع نہیں کرتیں، جمہوریت کی خاطر جھوٹے الزامات کا سامنا

اسلام آباد (آئی این پی) پیپلز پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ عوام کی حقیقی منتخب حکومت کی عدم موجودگی جمہوریت نہیں کہلائے گی، جمہوری حکومتیں میڈیا کو دبانے، سیاسی کارکنوں کو بدنام کرنے اور پولیٹیکل ورکرز کے خلاف من گھڑت مقدمات بنانے جیسے فاشسٹ اقدامات پر ضائع نہیں کرتیں، جمہوریت کی خاطر جھوٹے الزامات کا سامنا، قید و بند کی صعوبتیں، پھانسیاں اور جلاوطنیاں کاٹنے والوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ کو جمہوریت کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

پی آئی اے طیارے کے انجن میں آتشزدگی

پائلٹ نے فلائٹ بحفاظت اتار لی، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

لاہور (آئی این پی) قومی ایئرلائن پی آئی اے کا طیارہ حادثے سے بال بال بچ گیا۔ لاہور سے جدہ جانے والے پی آئی اے طیارے کے انجن میں ٹیک آف کرتے ہی آگ لگ گئی، پائلٹ نے فلائٹ کو واپس لاہور ایئرپورٹ پر اتار لیا۔ خوش

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

چیف سیکرٹری بلوچستان حب بائی پاس جنکشن سڑک روڈ کے کنارے پولیس سی ایند ڈبلیو سے بریفنگ لے رہے ہیں۔

سعودی آئل ریفائنری پر حملے میں ایران براہ راست ملوث ہے، امریکا

سعودی عرب پر 100 کے قریب ڈرون حملوں میں ایران ملوث ہے، مائیک پومپیو

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو نے سعودی آئل ریفائنری آرامکو پر ڈرون حملوں کا ذمہ دار ایران کو قرار دیدیا۔ دو روز قبل سعودی عرب کی سب سے بڑی آئل ریفائنری آرامکو کی دو آئل فیلڈز پر ڈرون حملے کیے گئے تھے جس کے باعث ریفائنری میں بڑے پیمانے پر آگ لگ گئی تھی۔ یمن کے حوثی باغیوں نے سعودی عرب کی سرکاری آئل ریفائنری پر ڈرون حملوں کی ذمہ داری قبول کی تھی۔ تاہم امریکی وزیر

بقیہ 49 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

ماضی میں جمہوریت کو ذاتی تجوریاں بھرنے کے لئے استعمال کیا گیا، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے کہا ہے کہ ماضی میں جمہوریت کو ذاتی تجوریاں بھرنے کے لئے استعمال کیا گیا، سابق حکمرانوں نے ذاتی مفادات کو ترجیح دے کر جمہوریت کو نقصان پہنچایا، جمہوریت کی آڑ میں لوٹ مار اور کرپشن کرنا عوام کے ساتھ دھوکا اور ظلم ہے۔ کوٹ ادو میں اپنے ایک بیان میں سردار عثمان بزدار نے کہا کہ عالمی جمہوری قوتوں کو بھارت کے

بقیہ 48 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

مقبوضہ وادی میں بدترین لاک ڈاؤن جاری، لوگ گھروں میں قید

نہ کھانے پینے کی اشیاء دستیاب ہیں اور نہ ہی ہسپتالوں میں پڑے مریضوں کو ادویات میسر ہیں، جگہ جگہ تعینات بھارتی فوج نے مظالم کی ہر حد پار کرلی

سرینگر (آئی این پی) مقبوضہ وادی میں تاریخ کا بدترین لاک ڈاؤن جاری، نہتے کشمیریوں کو چوبیس گھنٹے پابندیوں میں جکڑے 42 روز ہو گئے، مسلسل کرفیو کے باعث لوگ گھروں میں قید ہو کر رہ گئے ہیں، نہ کھانے پینے کی اشیاء دستیاب ہیں اور نہ ہی ہسپتالوں میں پڑے مریضوں کو ادویات میسر ہیں، جگہ جگہ فوج تعینات ہے جس نے مظالم کی ہر حد پار کر دی۔ تفصیلات کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں

بقیہ 56 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کوئٹہ وزیراعلیٰ بلوچستان کمانڈر سدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل عاصم سلیم باجوہ کے اعزاز میں وزیراعلیٰ کی جانب سے دیئے گئے الوداعی عشائیے سے خطاب کر رہے ہیں۔

این ایل سی نے طورخم بارڈر ٹرمینل چوبیس گھنٹے کلیئرنس کے انتظامات مکمل کرلئے

طورخم بارڈر پر دن رات سروس کے آغاز سے افغانستان کو خاطر خواہ فائدہ پہنچے گا

راولپنڈی (آئی این پی) نیشنل لاجسٹکس سیل نے خیبر پختونخواہ حکومت کے تعاون سے طورخم بارڈر ٹرمینل کو چوبیس گھنٹے کلیئرنس کے انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔ طورخم بارڈر پر دن رات سروس کے آغاز سے افغانستان کو خاطر خواہ فائدہ پہنچے گا اور سمندر سے کٹے اس ملک کا دوسرے ممالک کی بندرگاہوں پر انحصار کم ہوگا۔ اس پیش رفت کی بدولت درآمدی اور برآمدی کاروبار میں آسانی پیدا ہوگی۔ بارڈر ٹرمینل پر بھیڑ میں کمی واقع ہونے کے ساتھ ساتھ سرحد پار پیدل آمد و رفت میں بھی آسانی پیدا ہوگی۔ این ایل سی نے کسٹم، امیگریشن

بقیہ 57 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

پاکستان کی ترقی کے لئے جمہوریت کا استحکام ضروری ہے، سراج الحق

پاکستان میں حقیقی جمہوریت کے راستے میں رکاوٹیں موجود ہیں، امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق کا عالمی یوم جمہوریت پر پیغام

لاہور (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی کے لئے جمہوریت کا استحکام ضروری ہے، پاکستان میں حقیقی جمہوریت کے راستے میں رکاوٹیں موجود ہیں۔ عالمی یوم جمہوریت پر اپنے پیغام میں سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ جمہوریت کا مطلب ہے ہمارے ووٹوں کی حکمرانی ہو، جمہوریت کی ترقی کے لئے پارلیمنٹ کی بالادستی ضروری ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کے لئے جمہوریت کا استحکام ضروری ہے، پاکستان میں حقیقی جمہوریت کی ترقی

بقیہ 54 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

امریکہ میں قید ایرانی سائنسدان کے اہل خانہ نے ان کی رہائی کا مطالبہ

مسعود سلیمانی کی جسمانی حالت اچھی نہیں، وہ جیل اور نفسیاتی مسائل و مشکلات سے دوچار ہے، بھائی مسعود سلیمانی

تہران (آئی این پی) امریکہ میں گرفتار ایرانی سائنسدان کے اہل خانہ نے ان کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسعود سلیمانی کی جسمانی حالت اچھی نہیں، وہ جیل اور نفسیاتی مسائل و مشکلات سے دوچار ہے۔ ایرانی سائنسدان مسعود

بقیہ 53 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

ایران کو تیل کی ترسیل سے کوئی نہیں روک سکتا، یہ سلسلہ جاری رہے گا، ایرانی وزیر پیٹرولیم

تہران (آئی این پی) ایران کے وزیر تیل بیژن نامدار زنگنہ نے ایرانی قوانین جنوبی پارس کے بول ایا گیس فیلڈ کی ترقی کے معاہدے پر دستخط کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملکی تیل صنعت کی ترقی پر مستوجہ جاری ہے اور اسے روکا نہیں جا سکتا بلکہ ہم جدید طریقہ کار کی طرف جا رہے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ رواں سال کے آخر تک اس گیس فیلڈ کے تمام پلیٹ فارم استعمال کئے جائیں گے اور سوائے فجر 14

بقیہ 55 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کشمیریوں کو بولنے کا موقع دیا جائے، ایمنسٹی انٹرنیشنل

جنیوا (آئی این پی) انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے ہندوستان سے کشمیر سے کرفیو اٹھانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیر میں ہندوستانی بلیک آؤٹ کو 40 روز سے زائد ہو گئے ہیں وہاں سے کرفیو فوری طور پر اٹھایا جائے اور کشمیریوں کو بولنے کا موقع دیا جائے۔ انسانی حقوق کی تنظیم کا کہنا ہے کہ کشمیر میں بھارتی لاک ڈاؤن

بقیہ 52 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

مقبوضہ کشمیر کے عوام سے اظہار یکجہتی، دنیا بھر میں مظاہروں کا سلسلہ جاری

ڈنمارک کی فضا بھارت کے خلاف نعروں سے گونجتی رہی، مظاہرین کے سوڈی دہشت گرد کشمیریوں پر ظلم بند کرو کے نعرے

کوپن ہیگن (آئی این پی) دنیا بھر میں مقبوضہ کشمیر کے عوام سے اظہار یکجہتی اور بھارتی فوج کے ظلم کے خلاف مظاہرے جاری ہیں، ڈنمارک کی فضا بھارت کے خلاف نعروں سے گونجتی رہی۔ تفصیلات کے مطابق مظلوم کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے دنیا بھر میں مظاہروں کا سلسلہ جاری ہے، ڈنمارک میں بھی بڑی تعداد میں لوگ سڑکوں پر نکل آئے۔ مظاہرے میں مقبوضہ کشمیر سے منقطع سوڈی حکومت کے فیصلے کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی۔ مظاہرین نے سوڈی سرکار سے مطالبہ کیا

بقیہ 50 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

حکومت کا تمام دیوانی مقدمات کا فیصلہ دو سال تک کرنے کی قانونی شرط لاگو کرنے کا فیصلہ

سستے اور فوری انصاف کی فراہمی پاکستان تحریک انصاف کا بنیادی نظریہ اور وزیراعظم عمران خان کا مشن ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے اطلاعات ونشریات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ سول کورٹ سے لے کر سپریم کورٹ تک دیوانی مقدمات کا فیصلہ دو سال تک کرنے کی قانونی شرط کو لاگو کی جارہی ہے سستے اور فوری انصاف کی فراہمی پاکستان تحریک انصاف کا بنیادی نظریہ اور وزیراعظم عمران خان کا مشن ہے۔ کوسائی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے ایک بیان میں فردوس عاشق اعوان نے کہا کہ کوڈ آف سول پروسیجر (ترمیمی) بل حقیقی تبدیلی کی طرف موجودہ حکومت کا مثبت قدم ہے، ایک مسئلہ مقدمہ درج کرتی اور تیسری نسل تک پہنچ کر اس کا فیصلہ ہونا تھا حاصل کورٹ سے لے کر سپریم کورٹ تک دیوانی مقدمات کا فیصلہ دو سال تک کرنے کی

بقیہ 51 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے



کوئٹہ بلوچستان سے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شرن پشین کی ہیڈ میسٹریس ملاقات کر رہی ہیں

سعودی عرب میں قید ایرانی سائنسدان کے اہل خانہ نے ان کی رہائی کا مطالبہ

مسعود سلیمانی کی جسمانی حالت اچھی نہیں، وہ جیل اور نفسیاتی مسائل و مشکلات سے دوچار ہے، بھائی مسعود سلیمانی

کشمیریوں کو بولنے کا موقع دیا جائے، ایمنسٹی انٹرنیشنل

پاکستان کی ترقی کے لئے جمہوریت کا استحکام ضروری ہے، سراج الحق

مقبوضہ کشمیر کے عوام سے اظہار یکجہتی، دنیا بھر میں مظاہروں کا سلسلہ جاری

حکومت کا تمام دیوانی مقدمات کا فیصلہ دو سال تک کرنے کی قانونی شرط لاگو کرنے کا فیصلہ

سستے اور فوری انصاف کی فراہمی پاکستان تحریک انصاف کا بنیادی نظریہ اور وزیراعظم عمران خان کا مشن ہے

پنجاب کابینہ میں اراکین کی تعداد 46 ہوگئی

ہمارے دور میں 38 کابینہ اراکین پر اعتراض کیا جاتا تھا اب پنجاب میں جہازی سائز کی کابینہ ہے مگر کام کچھ نہیں، ان لیگی رہنما عظمیٰ بخاری کا شدید ردعمل کا اظہار

لاہور (آئی این پی) پنجاب کابینہ کی تعداد تاریخ کی ریکارڈ ترین سطح پر پہنچ گئی اور اس نے سابق ادوار کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ حزب اختلاف نے کابینہ کی تعداد میں اضافے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے دور میں 38 کابینہ اراکین پر اعتراض کیا جاتا تھا اور اب پنجاب میں جہازی سائز کی کابینہ ہے مگر کام کچھ نہیں۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب میں وزیراعلیٰ سردار کی کابینہ میں اراکین کی تعداد 46 ہوگئی۔ ملک اسد کھوکھر کے بطور وزیر کا حلف اٹھانے کے بعد وزرا کی تعداد 36 ہوگئی۔ کابینہ میں وزیراعلیٰ کے پانچ

بقیہ 58 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

لوراوالی آئی جی ایف سی بلوچستان 63 ویں رنگروٹس پاسنگ پریڈ سے خطاب کر رہے ہیں

سیکرٹری ایجوکیشن بلوچستان ریجنل ایجوکیشن ایکسٹینشن کوئٹہ ریجنل ایجوکیشن آفیسر قلات ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر قلات ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر قلات ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر قلات

ڈسٹرکٹ آفیسر قلات عزیز الرحمان رند کو معطل

موصوف انتہائی نااہل، بدعنوان اور فرض شناس افسر ہے قلات میں تعلیم کے بہتری کے لیے جو اقدامات اور خدمات قابل تحسین ہیں

قلات (آئی این پی) کوئٹہ سٹیچر ایجوکیشن قلات کے ڈسٹرکٹ جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈسٹرکٹ آفیسر قلات عزیز رند کو معطل اور ان کے کارروائی کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہیں بیان میں کہا گیا ہیں کہ موصوف انتہائی نااہل بدعنوان اور فرض شناس آفیسر ہے قلات میں تعلیم کے بہتری کے لیے جو کارنامے اور خدمات مختصر عرصے میں انجام دی ہے ان کی ماضی میں نظیر نہیں ملتی قلات کے عوام اور اساتذہ ان کی کارکردگی کا خراج تحسین پیش کرتے ہیں جی ٹی اے بی قلات اس مشکل گھڑی میں ان پر ناجائز الزامات لگانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے مذکورہ آفیسر کے بھرپور ساتھ دینے کا اعلان کیا ہیں

بقیہ 01 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ کیجئے

گورنمنٹ انٹر کالج وڈھ کی طرف فسٹ ائیر کے طلباء و طالبات کے اعزاز میں ویلکم پارٹی کا اہتمام کیا گیا

وڈھ (آئی این پی) گورنمنٹ انٹر کالج وڈھ کی طرف فسٹ ائیر کے طلباء و طالبات کے اعزاز میں ویلکم پارٹی کا اہتمام کیا گیا تقریب میں انٹر کالج وڈھ پرنسپل اسماعیل باجوئی پرنسپل انٹر کالج مال کرم خان لیکچرار یونی اوکل وڈھ کمپیس کے پروفیسر طارق جان گورنمنٹ ہائی اسکول وڈھ ہیڈ ماسٹر شتاق ہائی وڈھ کے سینئر استاد شمس الحق سینٹل سمیت کالج لیکچررز نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین کا کہنا تھا کہ علم ہی سے دنیا پتھر کے زمانے سے جدید سائنسی دور میں داخل ہوا ہے علم ہی میں کامیابی ہے اس کامیابی کے لئے محنت کی ضرورت ہوتی ہے ہمارے ہاں اسکولوں بنیادی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہے اگر ہمارے اسکول ہمیں سہولت فراہم نہیں کرتے تو ان کالجز کا کیا فائدہ؟ انہوں

بقیہ 02 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ کیجئے

کوئٹہ کی پاس روڈ پر چیلیں کچرہ چننے کے بعد گھر جا رہی ہیں

بڑے پراجیکٹس کی ترجیحی بنیادوں پر پلان مرتب کرنے سے صوبے کی تعمیر و ترقی بہتر انداز میں ہو سکے گی

خضدار کی اہمیت اس لیئے بھی زیادہ ہے کہ یہ ضلع سی پیک کے لئے بطور گزرگاہ ثابت ہوگا

خضدار (آئی این پی) چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ریٹائرڈ) نصیل اصغر نے کہا ہے کہ بڑے پراجیکٹس کی ترجیحی بنیادوں پر پلان مرتب کرنے سے صوبے کی تعمیر و ترقی بہتر انداز میں ہو سکے گی خضدار کی اہمیت اس لیئے بھی زیادہ ہے کہ یہ ضلع سی پیک کے لئے بطور گزرگاہ ثابت ہوگا، ماسٹر پلان کے تحت یہاں منصوبوں کی تشکیل اور آنے والے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے، آفیسرز کو سخت نمائندے ہیں وہ ایسے پی سی ون تیار کریں کہ جس سے عوام کے بنیادی مسائل کا احاطہ کیا جا سکے، اضلاع کی خوبصورتی ممکن ہو، اعلیٰ تعلیمی اداروں کے قیام سے ہمارا استقبال وابستہ ہے ان اداروں کی معیاری تعمیر اور مقررہ وقت پر تکمیل کو ہر صورت یقینی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ کیجئے

اسرائیل کو ٹھوس جواب دیا جائے، 108 برطانوی اراکین پارلیمنٹ کا مطالبہ

لندن (آئی این پی) برطانوی پارلیمنٹ کے 108 سے زائد اراکان نے اسرائیلی حکومت کے توسیع پسندانہ اقدامات کے مقابلے میں ٹھوس موقف اپنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ برطانوی کے مطابق برٹش للسلین آل پارٹیز پارلیمنٹری سے تعلق رکھنے والے 108 اراکین پارلیمنٹ نے وزیراعظم

بقیہ 15 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ کیجئے

بلوچستانی عوام اور بلوچستان کے حقوق کا پرامن سیاسی اور جمہوری انداز میں دفاع کرتا ہے

بلوچستان نے قومی حقوق سرزمین بلوچستان کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا

سبی (آئی این پی) بلوچستان نیشنل پارٹی سینٹل ڈسٹرکٹ خواتین سیکرٹری سبی سیدہ بلوا دریا نے کہا ہے کہ بی این پی کی سیاسی جدوجہد کا مقصد وطن بلوچستانی عوام اور بلوچستان کے حقوق کا پرامن سیاسی اور جمہوری انداز میں دفاع کرنا ہے شہید نواب امان زہری اور ان کے ساتھیوں سمیت شہداء بلوچستان نے قومی حقوق سرزمین بلوچستان کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا شہداء بلوچستان کی قربانیوں کو کسی صورت رائیگاں نہیں جانے دیں گے سرزمین بلوچستان کے حقوق کے حصول کے لئے بی این پی سینٹل کے کارکن سردار اختر جان

بقیہ 14 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ کیجئے

کوئٹہ ایک مزدور کباڑی والے سے پرانے کپڑے خرید رہا ہے

امریکی امور خارجہ کمیٹی جنرل اسمبلی اجلاس کے بعد مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر سماعت کریگی، ریڈ شرمین

کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر تمام امریکیوں کو تشویش ہونی چاہیے، سماعت میں اعلیٰ حکام کی شرکت سے متعلق محکمہ خارجہ کے جواب کا انتظار ہے

واشنگٹن (آئی این پی) مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کو روکنے کے لیے امریکی رکن کانگریس ریڈ شرمین نے کہا کہ امریکی امور خارجہ کمیٹی کی ذیلی کمیٹی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے بعد مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر جلد سماعت کرے گی۔ کمیٹی کے ہائیر رینک رکن کانگریس ریڈ شرمین نے پاکستانی امریکی ڈاکٹر آصف محمود کی کیلی فورنیا میں رہائش گاہ پر ایک تقریب میں شرکت کی اس موقع پر انہوں نے ایک خصوصی انٹرویو میں کہا کہ کمیٹی کی کشمیر پر سماعت اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس کے بعد ہوگی تاہم سماعت میں اعلیٰ حکام کی شرکت سے متعلق محکمہ خارجہ کے جواب کا انتظار ہے۔ رکن کانگریس ریڈ شرمین نے کہا کہ سماعت کشمیر میں انسانی حقوق پر دنیا کی توجہ مبذول کرانے کی کوششوں کا حصہ ہے لیکن سماعت کے وقت تک حالات بہتر نہ ہوئے تو صورتحال بدتر ہو سکتی ہے۔ انٹرویو دیتے ہوئے ریڈ شرمین نے

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

سعودی آئل ریفائنری پر حملے میں ایران براہ راست ملوث ہے، امریکا

سعودی عرب پر 100 کے قریب ڈرون حملوں میں ایران ملوث ہے مائیک پومپیو

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو نے سعودی آئل ریفائنری آرامکو پر ڈرون حملوں کا ذمہ دار ایران کو قرار دیا یہ دو روز قبل سعودی عرب کی سب سے بڑی آئل ریفائنری آرامکو کی دو آئل فیلڈز پر ڈرون حملے کیے گئے تھے جس کے باعث ریفائنری میں بڑے پیمانے پر آگ لگ گئی تھی۔ یمن کے حوثی باغیوں نے سعودی عرب کی سرکاری آئل ریفائنری پر ڈرون حملوں کی ذمہ داری قبول کی تھی تاہم امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو نے یہ ماننے سے انکار کر دیا ہے کہ ڈرون حملے حوثی باغیوں نے کیے تھے۔ مائیک پومپیو نے سوشل میڈیا پر اپنی ٹویٹ میں لکھا کہ سعودی عرب پر 100 کے قریب ڈرون حملوں میں ایران ملوث ہے جب کہ ایران کے صدر اور وزیر خارجہ ایسا ظاہر کر رہے ہیں کہ وہ سفارتکاری میں مصروف ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شدت پسندی کو ہوا دینے کے خاتمے کی تمام تر کوششوں

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

میکسیکو کنیں سے 44 افراد کی وحشیانہ آمد انسانی اعضا کو 119 بیگز میں پیک کر کے رکھا گیا تھا

میکسیکو (آئی این پی) میکسیکو کی ریاست جالسکو میں کنیں سے 44 افراد کی وحشیانہ آمد جالسکو کے شہر گواڈالاجارا سے ملنے والے انسانی اعضا کو 119 بیگز میں پیک کر کے رکھا گیا تھا اور مقامی افراد کی جانب سے بدبو کی شکایت پر فارنسک ماہرین نے ایک کنیں سے ان بیگز کو

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

میئنیری کی دوکان پر ڈکیتی کی واردات کرنے والے گینگ کا سرغنہ دو ساتھیوں سمیت گرفتار

راولپنڈی (آئی این پی) تھانہ صدر واہ پولیس کی بروقت کارروائی، میئنیری کی دوکان پر ڈکیتی کی واردات کرنے والے گینگ کا سرغنہ دو ساتھیوں سمیت گرفتار، پولیس کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں ایک ڈاکو زخمی ہو گیا، تفصیلات کے مطابق ایس پی پوٹھوہار سید علی نے سٹی پولیس آفیسر ڈی آئی جی فیصل رانا کو ہدایت دیتے ہوئے بتایا کہ تھانہ صدر واہ علاقہ میں واقع عمران مائی کی میئنیری کی دوکان پر تین نامعلوم ڈاکو گھس آئے اور اسلحہ کے زور پر لوٹ مار کرنا چاہی، پولیس کو کسی ذرائع سے اطلاع مل گئی پولیس نے موقع پر پہنچ کر ڈاکوؤں کو گھیرے میں لے لیا، ڈاکوؤں نے پولیس پر فائرنگ کر دی پولیس نے حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی جس کے نتیجہ میں ایک ڈاکو زخمی ہو گیا جس کی شناخت خلیل عرف شکیرا کے

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کوئٹہ ٹیپ بھر جانے سے گھر و سڑک پر گر رہا ہے

کشمیری تنہا نہیں، صورتحال دیکھی جا رہی ہے، کاملا ہیرس

ناصب سمجھتا ہے کہ اس کے اقدامات کو نہیں دیکھا جا رہا، مگر کشمیر کے معاملے پر ایسا نہیں، کاملا ہیرس کا بیان

فیکساس (آئی این پی) امریکا میں ڈیموکریٹ صدارتی امیدوار بننے کی خواہشمند کاملا ہیرس نے کہا ہے کہ کشمیری تنہا نہیں، صورتحال دیکھی جا رہی ہے۔ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر امریکا میں ڈیموکریٹ پارٹی کے صدارتی امیدوار بننے کے خواہشمندوں نے بھی بات شروع کر دی ہے۔ فیکساس میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کاملا ہیرس نے کہا کہ امریکی اقدار یہ ہیں کہ انسانی حقوق کا معاملہ اٹھایا جائے اور جہاں مناسب ہو وہاں مداخلت کی جائے، ان کا کہنا تھا کہ وہ صدر بنیں تو انہی اقدار پر عمل کریں

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کوئٹہ ٹیپ بھر جانے سے گھر و سڑک پر گر رہا ہے

امریکہ میں قید ایرانی سائنسدان کے اہل خانہ نے ان کی رہائی کا مطالبہ

مسعود سلیمانی کی جسمانی حالت اچھی نہیں، وہ جسمانی اور نفسیاتی مسائل و مشکلات سے دوچار ہے، بھائی مسعود سلیمانی

تہران (آئی این پی) امریکہ میں گرفتار ایرانی سائنسدان کے اہل خانہ نے ان کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسعود سلیمانی کی جسمانی حالت اچھی نہیں، وہ جسمانی اور نفسیاتی مسائل و مشکلات سے دوچار ہے۔ ایرانی سائنسدان مسعود سلیمانی کے بھائی اور بہن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امریکہ میں قید ایرانی محقق، پروفیسر اور سائنسدان مسعود سلیمانی کی رہائی کے لیے مزید کوششوں کا مطالبہ کیا۔ مسعود سلیمانی کے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

خضدار انٹرنیشنل ایجوکیشن کمپلیکس خضدار میں سیکرٹری سماجی بہبود و خصوصی تعلیم عبدالرؤف اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

علامہ طاہر القادری کا سیاست سے استعفیٰ ماہ ستمبر میں "سنگر" سے برات کا اعلان ہے

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور سابق سینیٹر حافظ حسین نے کہا ہے کہ علامہ طاہر القادری کا سیاست سے استعفیٰ ماہ ستمبر میں "سنگر" سے برات کا اعلان ہے، طاہر القادری نے استعفیٰ دیکر استعفیٰ مہم کا اختتام کر دیا ہے، علامہ طاہر القادری ریاست بچانے کے دعویدار تھے لیکن وہ سیاست سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے، تبدیلی کے نعرے پر آنے والے اکثریت میں تو تبدیل ہو گئے حکومت اگر ستمبر کا زیر سنجیدہ ہوتی تو مظفر آباد میں دن میں شو کے بجائے اپوزیشن کو بھی دعوت دی جاتی مگر عمران نیازی ابھی تک انا کے گھوڑے سے نہیں اترے، اناشت سوری کی کامیابی کے لیے دعائیں کرنے والے عمران نیازی نے ایک بار پھر اپنے بیان پر یوٹرن لے لیا ہے، وہ الوداع کر رہا ہے میں جامعہ مسجد اقصیٰ

بقیہ 07 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ کیجئے

بلوچستان کے عوام کشمیری بھائیوں اور افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے

بھارتی ریاستی دہشت گردی اور چالیس روز سے کشمیریوں کے اوپر ظلم کی انتہا کی جا رہی ہے

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے عوام کشمیری بھائیوں اور افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے بھارتی ریاستی دہشت گردی اور چالیس روز سے کشمیریوں کے اوپر ظلم کی انتہا کی جا رہی ہے عالمی اداروں کو لوٹس لینا چاہئے پٹ فیڈر کیر تھر کینال ربی شاخ میں لوگوں کو پینے کا پانی دیا جائے حکومت کی ذمہ داری ہے عوام کے بنیادی مسائل کو حل کریں ان خیالات کا اظہار سابق صوبائی وزیر خوراک سینیٹر ریاست خان مہر اظہار خان کھوسہ نے صحافیوں سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہا صحت پر لصیر آباد جعفر آباد تمبو کے عوام کے ساتھ ہوں اور اگلے جائز مسائل کے لئے ہر فورم پر جدوجہد کرتے رہینگے اقتدار ہارا

بقیہ 08 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ کیجئے

4 ماہ سے نصیر آباد کو ادویات کی عدم فراہمی مرض بڑھنے لگا

ڈیرہ مراد جمالی (آئی این پی) بلوچستان ہیلتھ انیشیٹو کنٹرول پروگرام کے تحت گزشتہ 4 ماہ سے نصیر آباد کو ادویات کی عدم فراہمی مریض بڑھنے لگے ہیلتھ انیشیٹو کی ہزاروں مفت ادویات مریض تھے میں کئی ماہ سے ادویات کے حصول کے لئے پریشانیاں دینے پر مجبور مفت ادویات فراہمی کا حکومتی دعویٰ بے ثمر ہو گیا عوام رل گئے علاوہ ہیلتھ انیشیٹو کی سکریٹریٹ سے بھی محروم عوامی حلقوں کا وزیر اعلیٰ بلوچستان سے نوری لوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی خصوصی ہدایات پر بلوچستان میں ہیلتھ انیشیٹو کنٹرول پروگرام کا شعبہ قائم کر کے مختلف مریضوں کو ادویات کی مفت فراہمی کے لئے لصیر آباد سمیت صوبے کے دیگر علاقوں میں کام شروع کیا گیا لیکن پروگرام کے تحت لصیر آباد میں گزشتہ 4 ماہ سے صوبائی پروگرام

بقیہ 09 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ کیجئے

ترقیاتی منصوبوں کی منظوری اور کام کے آغاز پر بوکلاہٹ کا شکار ہو کر منفی پروپیگنڈہ کر رہے ہیں

صرف اور صرف سوشل میڈیا کا سہارا لیکر اپنے کھوئی ہوئی ساکھ کو بحال کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں

ہرنائی (آئی این پی) بلوچستان عوامی پارٹی کے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ 25 جولائی 2018ء کے انتخاب میں عوامی جانب سے مسترد شدہ افراد جو کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی وزیر حاجی لورخان مری کی جانب سے حلقہ انتخاب میں پانچ ترقیاتی منصوبوں کی منظوری اور کام کے آغاز پر بوکلاہٹ کا شکار ہو کر منفی پروپیگنڈہ کر رہے ہیں جس میں کوئی صداقت نہیں ہے مسترد شدہ عناصر حلقے سے اپنی سیاست کا خاتمہ

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کوئٹہ ڈبل روڈ پر واقع گیراج کے چھت پر گاڑیاں پڑے ہوئے ہیں

ہسپتال کوئٹہ کے اندر تھڑے پر خاتون کی 2 دن تک پڑی لاش سے متعلق چلنے والی خبر حقائق کے برعکس ہے

اس سلسلے میں ایف آئی اے کے شعبہ سائبر کرائم سے رابطہ کر لیا ہے، خاتون نشے کی عادی تھی اور ان کے جسم پر خود کو انجکشن لگانے سے گہرے زخم بن گئے تھے

کوئٹہ (آئی این پی) سیکرٹری سپرنٹنڈنٹ سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر سلیم ہزوئی نے کہا ہے کہ گزشتہ روز سوشل میڈیا پر ہسپتال کوئٹہ کے اندر تھڑے پر خاتون کی 2 دن تک پڑی لاش سے متعلق چلنے والی خبر حقائق کے برعکس ہے اس سلسلے میں ایف آئی اے کے شعبہ سائبر کرائم سے رابطہ کر لیا ہے، خاتون نشے کی عادی تھی اور ان کے جسم پر خود کو انجکشن لگانے سے گہرے زخم بن گئے تھے جس سے گینگرین ڈیولپ ہو چکا تھا، خاتون کے ساتھ 12 سال کا بچہ بھی موجود تھا جو ذہنی طور پر معذور ہے، پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق خاتون چلنے پھرنے کے قابل نہیں تھی جس سے صاف ظاہر ہے کہ انہیں کوئی ہسپتال لا کر چھوڑ گیا تھا، خاتون کا 4 سال سے اپنے خاوند سے گھریلو تنازعات کی وجہ سے رابطہ نہیں تھا البتہ اسے طلاق نہیں ہوئی تھی، سی ٹی وی کیمروں کا ریکارڈ سیکورٹی ادارے اپنے ساتھ لے کر گئے ہیں چند دنوں میں

بقیہ 18 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ کیجئے

پاکستان کی جانب سے نگر کیرتن کے لئے بھارتی سکھ یاتریوں کو ویزوں کا اجرا شروع

پاکستان اور بھارت میں کورونا وبا کے 550 ویں جنم دن منانے کی تیاریاں، سکھوں کی مذہبی کتاب گورو گرنتھ صاحب کا جلوس نئی دہلی انڈیا سے ننکانہ صاحب پاکستان لایا جائیگا

نئی دہلی و لاہور (آئی این پی) نئی دہلی میں پاکستانی سفارتخانے نے پاک بھارت نگر کیرتن میں شرکت کے لئے بھارتی سکھ یاتریوں کو ویزے جاری کرنا شروع کر دیے ہیں۔ کورونا وبا کے 550 ویں جنم دن پاکستان اور بھارت میں تاریخی طور پر منائے جانے کی تیاریاں ہو رہی ہیں، اسی سلسلے میں ایک نگر کیرتن یعنی سکھوں کی مذہبی کتاب گورو گرنتھ صاحب کا جلوس نئی دہلی انڈیا سے ننکانہ صاحب پاکستان لایا جائیگا۔ نگر کیرتن کے منتظم اور دہلی گوردوارہ مینجمنٹ کمیٹی کے سابق سربراہ سردار پریم جیت سنگھ سرنا کے مطابق نگر کیرتن کے حوالے سے پاکستانی ہائی کمیشن نے ویزے جاری کرنا شروع کر دیے ہیں، عبوری طور پر 1500 ویزے جاری کیے جائیں گے جن میں سے زیادہ تر ویزوں کا پراسیس مکمل ہو چکا ہے۔ پاکستان

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

روس کا امریکہ اور طالبان پر افغان امن عمل کے لیے مذاکرات کی بحالی پر زور

طالبان امریکہ کے ساتھ مذاکرات کی بحالی چاہتے ہیں، ترجمان روسی وزارت خارجہ

ماسکو (آئی این پی) روس نے امریکہ اور طالبان پر افغان امن عمل کے لیے مذاکرات کی بحالی پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ طالبان امریکہ کے ساتھ مذاکرات کی بحالی چاہتے ہیں۔ روسی خبر رساں ادارے کے مطابق وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ روس امریکہ اور طالبان تحریک کے مابین مذاکرات کی بحالی کی ضرورت پر زور دیتا ہے۔ اس سے قبل طالبان کے نظر ثانی کے ترجمان سہیل شاہین کے مطابق طالبان کے ایک وفد نے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

پیرس، فرانس میں یلو جیکٹ والوں کے چوالیسویں ہفتے بھی احتجاجی مظاہرے جاری

مظاہرین کا حکومت کی اقتصادی پالیسیوں پر شدید ناراضگی کا اظہار

پیرس (آئی این پی) فرانسیسی حکومت کی پالیسیوں کے خلاف یلو جیکٹ تحریک کے حامیوں نے مسلسل چوالیسویں ہفتے بھی ملک کے مختلف شہروں میں احتجاجی مظاہرے کئے اور حکومت کی اقتصادی پالیسیوں پر اپنی شدید ناراضگی کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق فرانس کے مختلف شہروں میں یلو جیکٹ تحریک کے حامیوں نے مظاہرے کئے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

بہاماس کو ایک اور سمندری طوفان کا سامنا، عہدے داروں نے اپنی امدادی کارروائیاں معطل کر دیں

واشنگٹن (آئی این پی) سمندری سوسی طوفان ہمبرٹو کے بہاماس پہنچنے کے خطرے کے باعث عہدے داروں نے اپنی امدادی کارروائیاں معطل کر دیں ہیں اور ایئر پولس کو بند کر دیا گیا ہے۔ امدادی ٹیمیں بہاماس میں کیٹیگری فائیو کے طوفان ڈوریان سے متاثرہ افراد کی مدد و بحالی کی سرگرمیوں میں مصروف تھیں۔ بہاماس کے وزیر اعظم نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ڈوریان بہاماس کی تاریخ کا بدترین طوفان تھا جس میں کم از کم 50 افراد ہلاک ہوئے، جب کہ 1300 افراد اب بھی لاپتا ہیں۔ سمندری طوفان پر نظر رکھنے والے مرکز نے کہا ہے کہ شمال مغربی بہاماس میں طوفان کا خطرہ ہے۔ مرکز نے کہا ہے کہ اس وقت طوفان بہاماس سے 200 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ اور اس ساتھ چلنے والی ہوا کی

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

رانا ثنا کو گرفتار کر کے سیاسی انتقام کی بدترین مثال قائم کی گئی، چیف جسٹس نوٹس لیں، ترجمان ن لیگ

رانا ثنا کو گرفتار منشیات کیس میں کیا گیا اور چھان بین اناڑیوں کی ہو رہی ہے یہ کام تو عمران خان نیب سے کروا لیتے

لاہور (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے چیف جسٹس پاکستان سے رانا ثنا کیس کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان نے رانا ثنا کو بھونڈے انداز سے گرفتار کر کے سیاسی انتقام کی بدترین مثال قائم کی ہے، چیف جسٹس نوٹس لیں۔ اپنے بیان میں مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ رانا ثنا کی گرفتاری انصاف کے قتل عام کا نچوڑ ہے، ماورائی اور نااہل حکومت رانا ثنا کے خلاف کیس جج اور وکیل کے بغیر چلا رہی ہے کیونکہ کیس جھوٹا ہے، کیس میں حکومت نے چوتھی مرتبہ ہر اسکیم ٹرنڈل دیا اور اب وہ ہر اسکیم ٹرنڈ رکھا ہے جو کوئٹہ میں عارضہ قلب میں مبتلا ہے، حکومتی ارکان اور ڈی جی اے این ایف نے پارلیمان اور پریس کانفرنس میں جھوٹ بول کر رانا ثنا کے خلاف

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

DAILY AZAN-E-SAHER INTERNATIONAL QUETTA

ادارتی صفحہ

روزنامہ اذان سحر انٹرنیشنل کوئٹہ

Email: Azanesaher@gmail.com

پبلشر یعقوب شاہ نے انڈس پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر آفس گلی خالق آباد جان محمد روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

پاکستان بھارت کی منفی سوچ کے سامنے بڑی رکاوٹ ہے

اکھنڈ بھارت کا خواب کبھی پورا نہیں ہوسکتا۔ بھارت نے خطے کے ممالک کو زیر کرنے کے لیے ہر حربہ استعمال کیا ہے۔ پاکستان بھارت کی منفی سوچ کے سامنے بڑی رکاوٹ ہے جسکو وہ کبھی عبور نہیں کرسکتا۔ بھارتی آئین سے 35-A کا خاتمہ کر کے بھارت نے اپنے ناپاک عزائم بے نقاب کر دیئے۔ مقبوضہ کشمیر پر اُس کی افواج کا جابرانہ تسلط قائم ہے، ظلم کی انتہا کر دی گئی ہے۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق برصغیر کی 567 ریاستوں کا آزادی کے وقت پاکستان یا بھارت سے الحاق کا فیصلہ ہوا تھا۔ کشمیر ان میں سب سے بڑی ریاست تھی جس میں مسلمانوں کی اکثریت ہے۔ بھارت طاقت کے زور پر اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کے لیے اسرائیل کی پالیسی پر گامزن ہے۔ کشمیری عوام حق خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ عالمی برادری، اسلامی ممالک اور مصر کی عوام اور حکومت کشمیری عوام کے حق آزادی کے حصول میں معاونت کریں۔ بھارت نے مقبوضہ کشمیر کے عوام کے حقوق کو پامال کرتے ہوئے وادی میں اپنا جھنڈا لگا دیا ہے، جس پر پوری وادی سراپہ احتجاج ہے۔ 43 دن ہو چکے ہیں کہ مقبوضہ کشمیر میں کرفیو نافذ ہے۔ ہزاروں کشمیری نوجوانوں کو قید کر دیا گیا ہے۔ قتل عام کا سلسلہ جاری ہے جبکہ ادویات اور خوراک کی بھی شدید کمی ہے۔ وہاں کے عوام کو ضروریات زندگی سے محروم کر دیا گیا ہے۔ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 257 کے مطابق کشمیر متنازعہ علاقہ ہے جب تک اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اُنہیں آزادی کا حق نہیں مل جاتا۔ آزادی کے بعد کشمیری پاکستان یا بھارت سے الحاق کا اپنی مرضی سے فیصلہ کریں گے۔ پاکستان نے کشمیر پر اپنا دعویٰ بھی ظاہر نہیں کیا جبکہ بھارت طاقت کے بل بوتے پر اٹوٹ انگ کی رٹ لگا رہا ہے، جس کا کوئی قانونی و اخلاقی جواز نہیں۔ کشمیر اور فلسطین کے عنوان نے الازہر یونیورسٹی سے رسالہ نکال رہی ہے۔ اس میں کشمیری عوام کے موقف کو کھل کر تحریر کیا جائے گا۔ بھارت کشمیر عوام کی اکثریت کو اقلیت میں بدلنا چاہتا ہے اس کا یہ خواب کبھی پورا نہیں ہونے دیں گے۔ آزادی کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ عالمی برادری مسئلہ کشمیر کے پُرامن حل کے لیے کردار ادا کرے۔ مسئلہ کشمیر کے حل سے پورا خطہ امن کا گہوارہ بن سکتا ہے۔ تجارت بھی ہوسکتی ہے۔ مسئلہ کشمیر حل نہ ہوا تو دو بڑی ایٹمی طاقتوں کے درمیان ایٹمی جنگ کے خطرات ہیں، جس سے تباہی آسکتی ہے۔ دُنیا مداخلت کر کے مسئلہ کشمیر حل کروائے۔

آغاز بڑا لیکن سوچ بڑی

تحریر: رئیس چوہدری

زندگی میں کاموں کو مشکل بنا لینا تو کوئی بڑا معرکہ اور کارنامہ نہیں بلکہ مشکل کاموں کو آسان بنانا دنیا کے مشکل ترین کاموں میں سے ایک ہے۔ بحیثیت انسان ہم نے ہر معاملے میں خود کو مشکلوں کا عادی بنا لیا ہے۔ بناوٹ، تصنع اور پیچیدگیوں میں انسان اس قدر گھر چکا ہے کہ آسانی کے راستے ہی مٹنے لگے ہیں۔

دوسروں کو تحفے میں چیزیں نہیں بلکہ تجربے اور احساس ہدیہ کریں، یہ قیمتی گھڑی سے لاکھ درجے بہتر ہوگا سادگی سے مراد ایسی کیفیت ہے جس میں کسی بھی چیز، مظہر، نظریے یا تصور کو سمجھانا یا اس پر عمل کرنا آسان ہو جائے

اس لئے اب کوئی بھی کام آسانی اور سادگی سے ہونے لگے تو ہمیں حیرانی سی ہونے لگتی ہے۔ سادگی دیکھنے میں آسان دکھائی دیتی ہے مگر اپنانے اور بنانے میں بہت مشکل ہوا کرتی ہے۔ عدالتوں میں کسی بھی قسم کا فارم بھرنے سے کالج یونیورسٹی میں داخلہ فارم مکمل کرنے تک، سکولوں کالجوں کی کتابوں سے لے کر قانون کی پُرپیچ زبان تک، غالب، اقبال اور فیض کی شاعری سے لے کر بانو قدسیہ، نسیم حجازی اور ڈپٹی نذیر احمد کی نثر تک جانے کیوں مشکل الفاظ کا سہارا لے کر سادہ خیالات کو پیچیدہ اور مشکل بنا دیا جاتا ہے۔

مشکل بات کو سمجھنے اور مسائل کے حل کے حقیقی حل تک پہنچنے میں بہت مشکل ہوتی ہے۔ گفتگو کے حقیقی مفہوم تک رسائی کے لئے بھی دوسروں کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ پاکستانی معاشرے میں پڑھے لکھے لوگوں کی تو اب بہتات ہوگئی مگر تعلیم یافتہ لوگ ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتے۔ ان نام نہاد پڑھے لکھوں کو بھی مشکل زبان کی وجہ سے زندگی کے بنیادی کاموں میں مشکلات اور تنگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جو یہاں ٹیکس دینا بھی چاہے وہ یہ نیک کام وکیل کی مدد حاصل کئے بغیر کیسے کر سکتا ہے؟ پیچیدگیوں نے پوری قوم کی ذہنی طور پر مفلوج بنا رکھا ہے۔

مشکلوں کی کسی علمی اور عقلی دلیل کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔ زندگی میں ہر جگہ آسانی اور سادگی کو فروغ دے کر ہی کامیابی کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے ورنہ فرد مشکلات اور پیچیدگیوں میں گھر کر ناکامی کا شکار ہو کر رہ جاتا ہے۔ سادگی سے مراد یہ ہے کہ آپ ایسی حالت یا کیفیت میں ہوں جس میں کسی بھی چیز، مظہر، نظریے یا تصور کو سمجھنا سمجھانا یا اس پر عمل کرنا بہت آسان ہو جائے یعنی سادگی آسانیوں میں جینے کا دوسرا نام ہے۔ انسانی دماغ کی ساخت میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ فرد کو جب بھی مشکل اور آسان میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہو تو فرد فوری طور پر آسان کے چناؤ کو پسند کرتا ہے اور مشکل پر ترجیح دیتا ہے۔

اس لئے اگر آپ زندگی میں بڑی کامیابی کے خواہشمند ہیں تو مشکل کو آسان اور آسان کو مزید آسان بنانا سیکھیں کہ کوئی بھی آپ سے نہ تو مشکلیں اور پیچیدگیاں لینے آئے گا اور نہ ہی اسے پسند کرے گا۔ دوسرے لفظوں میں سادگی دراصل پیچیدگی اور مشکل کے خلاف جینے اور جانے کا نام ہے۔ دنیا میں کوئی بھی کام ہو یا نظام، اسے آسان سے آسان تر بنایا جا سکتا ہے۔ بہتر تو یہی ہے کہ کسی بھی کام کے طریقہ کار کو آسان بنایا جائے۔ کیونکہ لوگوں کو مشکل طریقہ کار کا عادی بنانے میں وقت اور پیسے دونوں کا ضیاع ہوتا ہے۔

آسان نظام بنانے، چلانے اور مزید بہتر بنانے کے لئے توانائی اور وقت دونوں کی بچت ہوتی ہے۔ گفتگو میں بھاری بھرکم مشکل الفاظ کا استعمال دوسروں کو مفہوم تک پہنچنے میں بہت سی رکاوٹیں ڈالتا ہے اور فرد کی ذات میں دوسروں سے بہتر اور الگ نظر آنے کی خواہش کی تو تسکین کر سکتا ہے مگر دوسروں کیساتھ اعلیٰ روابط نہیں بنا سکتا کیونکہ گفتگو کے پورے عمل کا صرف ایک ہی بڑا مقصد ہوتا کہ اپنی بات کو دوسروں تک پہنچایا جائے اور ان سے اچھا تعلق قائم کیا جائے یا پہلے سے موجود تعلق کو مزید گہرا کیا جائے۔ دوسری طرف گفتگو میں سادہ اور آسان الفاظ کا استعمال فرد کو ہر دوسرے فرد کے ساتھ بہ آسانی جڑنے کا موقع فراہم کرتا ہے جو اعلیٰ اور دیرپا تعلقات کی ٹھوس بنیاد بنتا ہے۔

بعض لوگ اس مغالطے کا بھی شکار ہو جاتے ہیں کہ تمام تخلیقیت بنیادی طور پر مشکلوں اور پیچیدگیوں میں جنم لیتی ہیں۔ جب سائنسی طور پر یہ بات درست تسلیم کی جاتی ہے کہ تمام تر دریافتیں اور ایجادات میں سادگی کا عنصر زیادہ اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ زندگی کے لطیف ترین جذبوں اور احساسوں کے اظہار میں بھلا کہاں پیچیدگیاں ہوا کرتی ہیں؟ سادگی کو سمجھنا بھلا کب مشکل ہوا ہے؟

